## حق پرست عوام محمد عثمان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔17، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ 115 کے سابق یونٹ انچارج محمد عثمان کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محمد عثمان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن عبدالغفار کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن عبدالغفار کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کا شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## کارکنان دکھی انسانیت کی عملی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں، اراکین رابطہ کمیٹی
## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اجلاس سے ڈاکٹر نصرت اور وسیم آفتاب کا خطاب

کراچی۔۔۔17، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت اور وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر کے عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں ملک بھر کے عوام انسانیت کی عملی خدمت کرنے والی جماعت کے نمائندوں کو منتخب کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں مختلف سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے اراکین نے شرکت کی ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر نصرت اور وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی نے مصیبت زدہ عوام کی بے لوث خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں جن کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر وشمالی علاقہ میں ہولناک زلزلہ ہو،ایران بام میں زلزلہ کی تباہ کاریاں ہوں ،انڈونیشیا،انڈیا اور اطراف کے ممالک میں سونامی کا طوفان ہو یا کراچی کے مضافاتی علاقے ہوں یا اندورن سندھ میں عوام بارشوں اور طوفان کی تباہ کاریوں سے متاثر ہوں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان نے اپنے بلند حوصلوں اور جذبوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے قدرتی آفات کا شکار مصیبت زدہ افراد کی عملی خدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت ملک بھر کے عوام کے سامنے ہے اور ملک بھر کے عوام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام تیزی سے عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے،انشاءاللہ ملک بھر کے عوام آئندہ انتخابات میں انسانیت کی عملی خدمت کرنے والی جماعت کے تعلیم یافتہ ،ایماندار اور باصلاحیت نمائندوں کو منتخب کریں گے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز ، پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان پر زور دیا کہ وہ حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور دکھی انسانیت کی عملی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔

## یم کیو ایم میر پور خاص سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن عبدالغفار،ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے کارکن خرم کی والدہ خدیجہ بیگم اور میر پور خاص زون یونٹ 2/C کے جوائنٹ یونٹ انچارج شہباز احمد خان کے بھائی دلشاد احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## لاہور کے شاہدرہ راوی ٹاؤن کے وکلاء کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لندن۔۔۔17،نومبر 2007ء

شاہدرہ راوی ٹاؤن لاہور کے وکلاء نے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم لاہور زون کے تحت راوی ٹاؤن میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا۔اجتماع میں ایم کیو ایم لاہور کی زونل کمیٹی کے انچارج رانا فرحت علی ایڈوکیٹ،اراکین زونل کمیٹی کرنل آغا جہانگیر،سید منظور حسین فاطمی،ملک ریاست علی اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے وکلاء میں منور ایڈوکیٹ،رانا ریاض احمد ایڈوکیٹ،اشفاق بھلر ایڈوکیٹ،طاہر جاوید ایڈوکیٹ اور ملک نسیم ایڈوکیٹ اور دیگر شامل ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم لاہور زون کے انچارج رانا فرحت علی ایڈوو کیٹ نے کہا کہ ایم کیو ایم جمہوریت پسند جماعت ہے جو جمہوری اداروں کا استحکام چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک قانون پسند جماعت ہے اور عدلیہ کا مکمل طور پر احترام کرتی ہے،یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم کے خلاف ماضی میں کئے گئے ریاستی آپریشن کے دوران ہزاروں بے گناہ نوجوانوں کی شہادتوں کے باوجود ایم کیو ایم نے انصاف کے حصول کیلئے آئینی،قانونی اور عدالتی راستے اپنائے۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اور وکلاء سمیت تمام سیاسی مذہبی جماعتوں کو ایسی سیاسی حکمت عملی اختیار کرنی چاہئے جن سے قومی مفاد کو ٹھیس نہ پہنچے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## حق پرست بلدیاتی قیادت کراچی کی ترقی کیلئے کوشاں ہے،ارکان سندھ اسمبلی

## لائنز ایریا کی نو آبادکاری کے منصوبے کے کام کے آغاز پر حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو خراج تحسین

کراچی۔۔۔17،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے 1981ء سے زیر التواء لائنز ایریا کی نو آبادکاری کے منصوبے کے آغاز پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال،نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس و تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر کراچی کی ترقی کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ لائنز ایا نو آبادکاری کا منصوبہ 26 سال سے التوا کا شکار تھا تاہم حق پرست بلدیاتی قیادت نے اس منصوبے کو دوبارہ شروع کر دیا ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں تکمیل پانے والے اور زیر تکمیل 300 سے زائد ترقیاتی منصوبوں کے بعد لائنز ایریا کی نو آبادکاری اور علاقے میں کشادہ سڑکوں کی تعمیر اسی سلسلے کی کڑی ہے جس سے کراچی کے عوام کو سفری سہولیات میسر آئیں گی اور شہر کی اہم سڑکوں پر ٹریفک کا اضافی بوجھ بھی کم ہوگا۔انہوں نے کہا کہ لائنز ایریا کراچی قدیم اور گنجان آباد علاقے ہے جہاں چوڑی سڑک نہ ہونے کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار تھے اور حق پرست قیادت کی کوششوں سے لائنز ایریا میں 100 فٹ چوڑی پریڈی اسٹریٹ کی تعمیر سے علاقے کے عوام کیلئے خوشی کا باعث ہے۔انہوں نے لائنز ایریا کی نو آبادکاری کے منصوبے پر کام شروع کرنے پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل سمیت تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو دلی مبارکباد پیش کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ تمام قومیتوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے، سردارخان، طالب امام

## لانڈھی کی ہزارہ، سوات اوردیر برادریوں کے درجنوں افراد کی متحدہ میں شمولیت کا اعلان

کراچی۔۔۔17، نومبر 2007ء

لانڈھی کی مظفرآباد کالونی کی ہزارہ، سوات اوردیر برادریوں سے تعلق رکھنے والے ابرار جان، شیرین خان، اسدخان اورمقبول نے ایم کیوایم کی جانب سے تمام قومیتوں کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام 12 مظفر آباد کالونی یوسی 1 کے یونٹ کی افتتاحی تقریب کے دوران کیا۔ افتتاحی تقریب میں پختون، پنجابی، سرائیکی، گلگتی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ قبل ازیں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردارخان، حق پرست رکن سندھ اسمبلی طالب امام اورحق پرست ٹاؤن ناظم آصف حسنین نے یونٹ آفس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردارخان نے کہا کہ پختونوں کو مذہب اوراسلام کے نام پر بے وقوف بنایا گیا ہے اوران سے ووٹ وصول کئے جاتے رہے ہیں لیکن پختونوں کے حقوق کا نام نہاد نعرہ بلند کرنے والوں نے ہی پختونوں کومسائل کا شکار بنارکھا ہے۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی طالب امام اورٹاؤن ناظم آصف حسنین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ملک بھر کے عوام کے نجات دہندہ ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ تمام قومیتوں کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوری طریقے سے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اورانشاء اللہ حق پرستی کی تحریک کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کا خیرمقدم کیا اورانہیں مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆